
# آرا

( ا آ و )

سبق - 9







## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں موجود آدمیوں کے نام ا، آ، و سے کیا ہوسکتے ہیں؟

2۔ یہ دو دوست کیا کر رہے ہیں؟

3۔ یہ درخت کیوں کاٹ رہے ہیں؟

4۔ لکڑی سے کون سی چیزیں بنائی جاتی ہیں؟

5۔ کیا آپ اوپر دی گئی تصویر کے متعلق کہانی سنا سکتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

(ب) اب ہم 'آرے' کی ایک کہانی سنیں گے۔

احمد اور آزر دو دوست تھے۔ روزانہ دونوں جنگل سے لکڑی کاٹ کر لاتے اور گزر بسر کرتے تھے۔ ایک دن وہ جنگل سے گزر رہے تھے' راستے میں انھیں دو آرے پڑے نظر آئے۔ جن میں ایک سونے کا اور دوسرا لوہے کا تھا۔ آزر جو کاہل تھا' اس نے سونے کا آرا اُٹھا لیا اور احمد کو لوہے کا آرا ملا۔

آزر نے اپنے سونے کے آرے کو بازار میں فروخت کر دیا اور ان پیسوں سے مزے اُڑانے لگا۔ لیکن چند ہی دنوں میں اس کے تمام پیسے ختم ہو گئے اور وہ غریب ہو گیا۔ ادھر احمد اپنے لوہے کے آرے کی مدد سے محنت و مزدوری کرنے لگا اور چند برسوں میں خوب دولت کمائی اور لکڑی کا بڑا تاجر بن گیا۔ آزر کو ملال ہوا لیکن وقت گزر چکا تھا۔ اب اس نے سوچا کہ حقیقت میں کاہلی اور لالچ بُری بلا ہے۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) 'آرا' ایک بے جوڑ حروف والا لفظ ہے۔ اس طرح کے مزید بے جوڑ الفاظ کی نشاندہی کہانی میں کروائیں۔



پڑھیے


(الف) 'ا' 'آ' و سے شروع ہونے والے بے جوڑ الفاظ تصویروں کی مدد سے پڑھائیے۔ ان جیسے چند اور الفاظ کہلوائیے۔



ادرک




آگ



ورق

SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے الفاظ پڑھوائیے اور متعلقہ تصویروں سے جوڑ نے لگوائیے۔


اوزار  آرا 

آم  ژراف 

(ج) انار کی تصویر پر دیئے گئے الفاظ طلبا سے پڑھائیے اور ان سے متعلق تصویروں پر دائرہ بنوائیے۔




(د) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔ ان جملوں میں بے جوڑ حروف کے الفاظ کی نشاندہی کروائیے۔

اون کے کپڑے جسم کو گرم رکھتے ہیں　　آگ جل رہی ہے　　یہ ایک وردی ہے



SCERT TELANGANA




## لکھیے

(الف) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیں۔

ادا　　اون　　آم　　آگ　　ورق　　ورزش

(ب) طلبا سے کہیں کہ درخت پر موجود بے جوڑ الفاظ ڈھونڈ کر لکھیں۔




SCERT TELANGANA

(ج) 'آ' 'ا' اور 'و' کو دیے گئے حروف سے جوڑ کر الفاظ بنوایئے۔

آ — رام ______
آ — زر ______
آ — واز ______

ا — روی ______
ا — درک ______
ا — وزار ______

و — رق ______
و — ردی ______
و — رم ______

(د) جدول میں دیئے گئے حروف اشاروں کے مطابق لکھوایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آ | ر | ا | م |
| 1 | 2 | 3 | 4 |

☆ حروف 1، 2، 3، 4، ملا کر لکھیے ______

☆ حروف 1 اور 4 ملا کر لکھیے ______


☆ حروف 1، 2 اور 3 ملا کر لکھیے ______


☆ حروف 2، 3 اور 4 ملا کر لکھیے ______

(ھ) خالی جگہوں میں تصویروں کا نام لکھوا کر جملے مکمل کروایئے۔

 ______ پکوان میں استعمال ہوتی ہے

 ______ میٹھا ہوتا ہے

 ______ سے موزے بنتے ہیں

 ______ مت پھاڑو

SCERT TELANGANA

(و) ذیل کے جملوں میں موجود بے جوڑ حروف کے الفاظ کو دیئے گئے خانوں میں لکھوائیے۔

☆ ژراف کی گردن لانبی ہوتی ہے۔

☆ بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔


☆ دن کے بعد رات آتی ہے۔

☆ اوزار نہ لو۔

## سوچیے



طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA